چارمینار
CHARMINAR
www.roznamasahara.com
HYDERABAD : Friday, 28 June, 2024

نوجوان اور کم عمر بچوں میں تیز رفتار ڈرائیونگ، جان لیوا ثابت ہوگی!

مسلم نوجوان، معاشرہ کیلئے رول ماڈل بنیں۔ مولانا غیاث احمد شادی کی دست بستہ اپیل

حیدرآباد، 27/جون۔ (ایس این پی) نوجوانوں اور کم عمر بچوں کا تیز رفتاری سے گاڑیاں چلانا اور کرتب بازی کرنا ایک فیشن بنتا جارہا ہے تیز رفتار گاڑی چلانے کو کمال بہادری سمجھنے والے نوجوانوں کو نہ اپنے اہل خانہ کی فکر ہوتی ہے اور نہ انہیں یہ خیال ہوتا ہے کہ ان کی یہ بیجا حرکتیں ان کے ماں باپ کے لیے بھی بھاری بوجھ بھی بن جاتی ہیں۔ بلکہ سڑکوں پر ان کی تیز رفتار گاڑیاں اور بغیر سوچے سمجھے کرتب بازیاں ایک اچھے خاصے عام مسافر کے لیے بھی وبال جان بن جاتی ہیں۔ خاص طور پر مسلم نوجوان معاشرہ کے لیے رول ماڈل بنیں۔ اور نوجوان بچے اپنے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنیں۔ کچھ معاشرتی مسائل ایسے بھی ہیں جن پر مکمل گرفت کے باوجود، ہماری بے توجہی سے وہ معاشرے کی خرابی میں اپنا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔ مثلاً: دن ویلنگ کرنا، یعنی ایک پہیہ پر بیگاڑی چلانا، موٹر سائیکل یا کار سے ریس لگانا، ڈرامے یا فلمی کردار کی نقل اتارنا، مشہور فلمی ایکٹرز جیسے حلیہ بنانا۔ نوجوانوں کی بڑی تعداد کے ساتھ کم سن بچوں کی اچھی خاصی کھیپ اس گندگی کا شکار ہورہی ہے۔ اگر ہم نے اپنے بچوں کو پہلا اسکول و مدرسہ بہترین دیا، اس کی پہلی کلاس سے اسلامی ماحول میں تربیت کی تو وہ بچہ غیر اخلاقی سرگرمیوں کا شکار نہیں ہوگا۔ وہ بچہ دنیا میں والدین کے لیے سرمایہ فخر اور معاشرے کے لیے مثالی بنے گا۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ ظاہری خوشمائی کی چوچیزیں سوشل میڈیا کے ذریعے ہم بچوں میں منتقل کررہے ہیں، دراصل وہ ایڈیا بیک ہے جو ان کے روشن مستقبل کو چاٹ جائیگا۔ یہ بات یاد رہے کہ دو پہیے والی گاڑیوں کا حد سے زیادہ تیز چلانا منزل کی طرف نہیں بلکہ موت کی طرف سفر کرنا ہے۔

ہوجاتی ہیں۔ نوجوان جو معاشرہ کا مستقبل ہوتا ہے اگر اس طرح کی حرکتوں کا ارتکاب کرتا پھرے تو پھر ان کو دیکھنے والے کم سن اور معصوم بچوں کے ذہنوں میں اسی طرح کے خیالات جنم لیتے ہیں اور وہ بھی کرتب بازیوں کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ نتیجہ میں کم عمری سے ہی اپنے آپ کے لیے اور اپنے گھر والوں کے لیے خطرہ بن جاتے ہیں۔ مولانا نے نوجوانوں سے دست بستہ یہ اپیل کی ہے کہ وہ اس طرح کی حرکتوں سے اجتناب کریں۔ خاص طور پر مسلم نوجوان معاشرہ کے لیے رول ماڈل بنیں۔ اور نوجوان بچے اپنے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنیں۔ کچھ معاشرتی مسائل ایسے بھی ہیں جن پر مکمل گرفت کے باوجود، ہماری بے توجہی سے وہ معاشرے کی خرابی میں اپنا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔ مثلاً: دن ویلنگ کرنا، یعنی ایک پہیہ پر بیگاڑی چلانا، موٹر سائیکل یا کار سے ریس لگانا، ڈرامے یا فلمی کردار کی نقل اتارنا، مشہور فلمی ایکٹرز جیسے حلیہ بنانا۔ نوجوانوں کی بڑی تعداد کے ساتھ کم سن بچوں کی اچھی خاصی کھیپ اس گندگی کا شکار ہورہی ہے۔ اگر ہم نے اپنے بچوں کو پہلا اسکول و مدرسہ بہترین دیا، اس کی پہلی کلاس سے اسلامی ماحول میں تربیت کی تو وہ بچہ غیر اخلاقی سرگرمیوں کا شکار نہیں ہوگا۔ وہ بچہ دنیا میں والدین کے لیے سرمایہ فخر اور معاشرے کے لیے مثالی بنے گا۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ ظاہری خوشمائی کی چوچیزیں سوشل میڈیا کے ذریعے ہم بچوں میں منتقل کررہے ہیں، دراصل وہ ایڈیا بیک ہے جو ان کے روشن مستقبل کو چاٹ جائیگا۔ یہ بات یاد رہے کہ دو پہیے والی گاڑیوں کا حد سے زیادہ تیز چلانا منزل کی طرف نہیں بلکہ موت کی طرف سفر کرنا ہے۔

ریونت ریڈی، تلنگانہ پردیش کانگریس کا نیا صدر مقرر کرنے کے خواہاں

پرکاش ریڈی ٹورازم کارپوریشن کے نئے مینجنگ ڈائرکٹر مقرر

حیدرآباد، 27/جون۔ (ایس این پی) این پرکاش ریڈی کو تلنگانہ ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ کے نئے مینجنگ ڈائرکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ قبل ازیں پرکاش ریڈی بی ایچ ایم سی کے اندر ڈائرکٹر آف انفورمیشن ٹیکنالجی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ڈائرکٹر تھے۔ انہوں نے اپنی میعاد کے دوران ڈی آر ایف ٹیموں کو اشتگام بخشا تھا۔ اس موقع پر عہدیداروں نے مبارکباد دی۔

مسجد کیلئے تعاون کی اپیل

حیدرآباد، 27/جون۔ (راست) مسجد باؤلی زیبا باغ آصف نگر، حیدرآباد کا دوسال سے تعمیری کام جاری ہے اہل خیر حضرات کے تعاون سے تقریباً کام ہو چکا ہے اور چھت کام کی تکمیل باقی پنجیں میں لفٹ، مینار، دوسرے فلور پر پلاسٹنگ، میں ٹیس ودیگر کام باقی ہے۔ اہل خیر حضرات سے مقدس ماہ ذوالحجہ میں اللہ کے گھر کیلئے تعاون فرما کر ثواب دارین حاصل کرنے کی گذارش ہے۔ صدر محمد مقبول احمد 93946339761 سیکریٹری محمد غلام رسول صدیقی 9440230754 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

نماز جمعہ سے قبل خطاب

حیدرآباد، 27/جون۔ (راست) مسجد حسینی پہاڑ محمدی لین پر نماز جمعہ سے قبل مولانا مفتی ڈاکٹر سید شاہ محمد عبدالمستجب نقشبندی قادری کامل جامعہ نظامیہ کا خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ ٹھیک 2 بجے ادا کی جائے گی۔

☆☆☆ جامع مسجد گلابی شاہ واقع سرور نگر میں 28/جون کو نماز جمعہ سے قبل مولانا حافظ وقاص الحق خطیب وامام خطاب کریں گے۔ نماز 1-30 بجے ہوگی۔

☆☆☆ مولانا حافظ محمد ذاکر شاہی الدین قادری صاحب (ناظم مدرسہ شاہ جیلانیؒ، حافظ باباگنر) کا قبل نماز جمعہ مسجد احناف روبکل وادی بارکس میں خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 1-30 بجے ہوگی۔

☆☆☆ حافظ و قاری مولانا غلام احمد قریشی مجددی نقشبندی القادری امیر اہلسنت پیشوائے علم طریکت تحفظ سنیت تاریخ 21/ذی الحجہ بروز جمعہ قبل نماز جمعہ جامع مسجد شیخ حصہ اہلسنت وجماعت چھوٹی بارگاہ فاطمہ اویسی گنر اور مسجد حضرت ابوالحسنات سی بلاک حافظ باباگنر میں خصوصی خطاب کریں گے۔

☆☆☆ مسجد قدوس بالاپور میں 28/جون قبل نماز جمعہ معتمد تراث العلماء، آئیڈیل مولانا محمد تنویم الدین حسامی قدر رمضان کے عنوان پر خطاب کریں گے۔ نماز جمعہ 1:45 بجے ہوگی۔

☆☆☆ سیکریٹری نشر و اشاعت کے مطابق مسجد ابراہیم (جی بی آر اے) کوارٹرس، بگی باؤلی میں نماز جمعہ سے قبل حافظ و قاری محمد مولیٰ رضوی کا خصوصی خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 2:45 بجے ہوگی، بعد نماز جمعہ سلام حضور اقدسؐ پیش کیا جائیگا۔

☆☆☆ مسجد محمود شاہ ستری پورم میں بروز جمعہ 28/جون کو قبل نماز جمعہ ایک بجے مولانا محمد ریاض احمد قادری حسامی (ناظم مدرسہ اسلامیہ ریاض العلوم فلک نما) کا خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 1:45 بجے ہوگی۔

آج صندل شریف، 21 واں عرس حضرت پروانہ پیرؒ

حیدرآباد، 27/جون (راست) 21 واں دو روزہ حضرت پروانہ پیرؒ سید اقبال علی شاہ قادری واقع اقبال گلشن مصطفیٰ نگر میں 28/جون بروز جمعہ کو بعد مغرب صندل شریف سے آغاز ہوگا جو بارگاہ حضرت پر باغی ٹیکری سے برآمد ہو کر اقبال گلشن پہنچے گا صندل بالی کے بعد محفل سماع ہوگی۔ 29/جون بروز ہفتہ کو چراغاں، محفل سماع ہوگی۔ حضرت پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل نگر ان کریں گے حضرت پیر سید غوث علی شاہ قادری رفیق سجادہ نشین بارگاہ پیرؒ کو لار پر تشریف لائیں گے۔ مجلس مسلم شاہ قادری محمد اکبر علی شاہ قادری، بیگم شاہ قادری نے شرکت کی اپیل ہے۔ اقبال گلشن کو خصوصی روشنی سے منور کیا گیا ہے۔ گچرات، دہلی، کرناٹک اور مہاراشٹرا سے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد شرکت کررہی ہے۔

ترکی کے سفرنامہ کی مولانا مفتی خلیل احمد کے ہاتھوں رسم اجراء

حیدرآباد، 27/جون۔ (راست) مل کے مشہور عالم دین شیخ الجامعہ نظامیہ حضرت مولانا مفتی خلیل احمد رکن آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے ہاتھوں قاضی محمد سراج الدین رضوی صدر مظہر ملت آئیڈیل، گورنمنٹ صدر قاضی سلطان بازار زون حیدرآباد کی لکھی کتاب ترکی کے سفرنامہ کی رسم اجراء آج 26/جون 2024 جامعہ نظامیہ کیمپس میں ہوئی۔ یہ تقاریب میں ریاست و بیرون ریاست کے قدیم وجدید علماء کرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی تھی۔ یہ سفرنامہ ترکی قدیم وجدید تاریخ پر مشتمل ہے جس میں مصنف کتاب نے اپنے مشاہدات کو قلمبند کیے ہیں جو انہوں نے ماہ اپریل رواں میں بچشم دید دیکھا تھا اس سفرنامہ کی خصوصیت یہ ہیکہ اس میں صحابی رسول حضرت ابوایوب انصاریؓ کی مزار شریف، صوفی شاعر حضرت جلال الدین رومیؒ کا آستانہ اور مخدوم تبریزؒ کا آستانہ اور عالمی میوزیم جس میں الٰہی کے نایاب قرآن شریف ہیں۔ رسم اجراء کے موقع پر مبارک باد دینے والوں میں ڈاکٹر مولانا محمد سیف اللہ بابٹ شیخ الجامعہ نظامیہ، مولانا سید لطیف علی قادری صدر قاضی قلعہ محمد نگر حیدرآباد، مولانا شاہ محمد فصیح الدین نظامی محمد رحیم الدین اعزاء و دیگر اصحاب شامل تھے۔

انجمن محبان اردو تلنگانہ کے زیر اہتمام عابد علی خان محبِ اردو ایوارڈ، اور بزم ظرافت کی رسمی افتتاحی تقریب

حیدرآباد، 27/جون۔ (راست) انجمن محبان اردو تلنگانہ کے زیر اہتمام سالانہ عابد علی خان یادگار محبِ اردو ایوارڈ تقریب 29/جون بروز ہفتہ شام 6 بجے اردو ہال، حمایت نگر میں منعقد ہوگی ساتھ ہی بزم ظرافت کی رسمی افتتاحی تقریب اور استاذ مخدوم ایوارڈ یافتہ شاعر ڈاکٹر فاروق شکیل کی طویل شعری سفر کے اعتراف میں جشن فاروق شکیل کا اہتمام ہوگا معتمد نشر و اشاعت لطیف الدین لطیف کی اطلاع کے بموجب بانی وصدر سید مسکین احمد کی نگرانی میں منعقد ہونے والی اس تقریب کی صدارت پروفیسر ایس اے شکور ڈائریکٹر دائرۃ المعارف کریں گے۔ جناب عامر علی خان نیوز ایڈیٹر سیاست کے ہاتھوں ایوارڈس کی تقسیم عمل میں آئے گی۔ جناب طارق انصاری صدر رحمین اقبلیتی میشن، جناب محمد قمر الدین سابق صدر رحمین اقبلیتی میشن، جناب ایم اے ماجد صاحب ڈائریکٹر فری وی، جناب خسرو نواب، جناب تاج احمد، خلیق الرحمٰن اور سید خورشید احمد چیرمین میک کے کالج آف انجینئرنگ بحیثیت مہمانان خصوصی شرکت کریں گے۔ حیدرآباد اضلاع کے صحافت اور اردو شعراء و ادب سے وابستہ شخصیتوں ڈاکٹر سید شجاعت علی کنج صوفی، جناب محمد ریاض احمد، ڈاکٹر جاوید کمال، جناب سلیم فاروق (جدہ) اور جناب اقبال درد کو عابد علی خان محبِ اردو یادگار ایوارڈ سے نوازا جائیگا۔ مزاحیہ فنکاروں دولت رام، منور علی شمع، حامد کمال، شبیر علی خان، قادر شریف اور شہاب الدین پال کیلئے بھی اعزازی تقریب ہوگی ملک کے نامور شاعر ڈاکٹر فاروق شکیل کے شعری سفر کے اعتراف میں جشن فاروق شکیل کا اہتمام ہوگا جس میں انہیں یادگار مومنٹو پیش کیا جائیگا۔ انجمن کے علاوہ اردو تنظیموں کی جانب سے بھی ان کی شال پوشی وگلپوشی کی جائیگی۔ علاوہ ازیں پروفیسر مسعود احمد کو بھی بزم ملک کے کامیاب تعلیمی سفر پر نہایت پیش کی جائیگی۔ اور ساتھ ہی سنجیدہ و مزاحیہ مشاعرہ منعقد ہوگا۔ جس میں معتمد تشریف لائے مہمان شاعر شیخی خان و اسی کی سوتا ایم کے علاوہ میزبان شعراء ڈاکٹر فاروق شکیل، ڈاکٹر طیب پاشاہ قادری، شیخ اللہ سمیع، ظفر فراغی، سیف نظامی، انجنی کمار گوئل، ممتاز لکھنوی، فراز رضوی، پروفیسر سمیع صدیقی نعیم، پروفیسر مسعود احمد، افتخار عابد، بصیر خالد، ارجمند بانو، رفیعہ نوشین، سیمیہ نسیم اور ممتاز شعرائے طنز و مزاح شاہد عبلی، فریدہ سحر، ڈاکٹر مبین امر، بوطیلب الدین لطیف اور شمکھ حیدرآباد اپنے کلام سے محظوظ کریں گے۔ اس موقع پر جناب سید مسکین احمد کے کچھ نئے اعلانات بھی ہوں گے۔ اردو کے چاہنے والوں سے شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

ورزش کے ذریعہ بیماریوں کا علاج

حیدرآباد، 27/جون۔ (راست) اعظم فنکشن ہال مظہورہ میں صبح 6:30 بجے تا 8/بجے زیگر ہیلتھ ماہر جسمانی ورزش جناب محمد ابراہیم بیماری مختلف بیماریوں، موٹاپا، شوگر جوڑوں کا درد، کمر درد، گردن درد، تھائرائیڈ، ذہنی دباؤ، قبض وغیرہ کو دور کرنے کے لئے اعتیاطی تدابیر کے طور پر ورزش کروائی جاتی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے 9963142863 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

میاں بیوی کے آپسی تنازعات کے حل کیلئے دارالقضاء سے رجوع ہونے کی تلقین

دارالقضاء امارت ملت اسلامیہ سے کئی ہزار تنازعی مسائل کی کامیاب یکسوئی۔ مولانا جعفر پاشاہ کا خطاب

حیدرآباد، 27/جون۔ (ایس این پی) مولانا محمد حسام الدین عثمانی عاقل جعفر پاشاہ نے دارالقضاء کے اجلاس میں کہا کہ برسوں سے دارالقضاء امارت ملت اسلامیہ آندھرا تلنگانہ پنچہ شاہ حیدرآباد دینی ملی واجتماعی امور کو انجام دیتا چلا آرہا ہے جس میں ازدواجی زندگی سے متعلق جو مسائل روز مرہ پیش آتے ہیں ان کا حل قرآن وحدیث کی روشنی میں کیا جاتا ہے مقدمات میں خصوصاً صلح، تلاق، خلع، صلح، طلب زوج وزوجہ ان کے علاوہ حضانت ولایت وکفالت کی خاصی تعداد ہوتی ہے مرکز کے ماتحتی میں چلنے والے متعدد دارالقضاء میں جو اپنے اپنے دائرہ کار کے لحاظ سے کام کررہے ہیں۔ مولانا جعفر پاشاہ نے کہا کہ رپورٹ کے مطابق اب تک تقریباً تین ہزار سے زائد فیملیوں کے تنازعات دارالقضاء امارت ملت اسلامیہ سے حل ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ میاں بیوی کے تنازعات کے علاوہ ترکہ وپراپرٹی غیر تجارت کے معاملات بھی حل ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی لکھا گیا کہ پچھلے مقامات درج ہے کے بعد تنازعات بھی ہیں۔ بعض دفعہ دارالقضاء کا لیٹر رجسٹرڈ کے بعد فریقین سوچتے ہیں کہ وہاں پر بہت ساری نامناسب باتیں بھی حل جائیں گی، اس لئے اسی میں عافیت سمجھتے ہیں گھر ہی میں خود بیٹھ کر حل کرلیں۔ اس لئے بہت سارے تنازعات دارالقضاء کا لیٹر جانے سے بھی حل ہو جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں درج معاملات کو خارج کرنا پڑتا ہے، لیکن خارج کرنے سے پہلے فریقین سے اس کی تصدیق کرائی جاتی ہے۔ مولانا نے کہا کہ موجودہ دور میں بہت سے معاملات سرکاری عدالتوں میں زیر التوا ہیں لیکن مقدمات کی کثرت کی وجہ سے مقدمات کی یکسوئی میں کافی تاخیر ہورہی ہے، ایسے میں دارالقضاء جلد معاملات کی یکسوئی میں کافی مددگار ثابت ہورہا ہے۔ مولانا نے مزید اپیل میں کہا کہ دارالقضاء کی طرف لوگوں کا رجوع پہلے کے مقابلے میں کافی بڑھ چکا ہے۔ مولانا محمد عمیر احمد قاسمی نے کہا کہ دارالقضاء کی طرف ایسے کئی لوگوں کا بھی زیادہ رجحان ہے جو اپنی عزت ووقار کو مدنظر رکھتے ہوئے عدالتوں کی ذلت ورسوائی سے بچنے کیلئے اپنے معاملات کو دارالقضاء سے رجوع کروا کر اپنے معاملات کی یکسوئی کرواتے ہیں۔ دارالقضاء کی تشہیر کے لئے مولانا نے ائمہ مساجد سے گزارش کی کہ وہ خطبہ جمعہ میں قضاء کے عنوان پر بھی بیان کریں اور لوگوں کو اپنے گھریلو جھگڑوں کو دارالقضاء سے رجوع کروانے کی اپیل کریں، انھوں نے مزید کہا کہ یہ ایک دینی اور شرعی فریضہ بھی ہے اور ہمارے ملک کے عدلیہ کے ساتھ تعاون بھی ہے۔ اس موقع پر ناظم دارالقضاء محمد احمد قاسمی الدین حسامی، نائب قاضی شریعت محمد عمیر احمد، نائب قاضی شریعت محمد آصف اقبال اور معاون قاضی شریعت سید قدیر احمد موجود تھے۔ پتہ: دارالقضاء حسامیہ منزل پنچہ شاہ حیدرآباد۔ 3/بجے شام 7 بجے تک یا فون نمبر 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ 5/بجے دن اس نمبر پر 8897869307 رابطہ کریں۔

اکاؤنٹنگ پیاکجس آٹو کیڈ اور کمپیوٹر کی مفت کوچنگ کلاس

حیدرآباد، 27/جون۔ (راست) طلبہ و طالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہو اور انہیں ہنرمند وخود مختفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈ ویر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، ایم ایچ پی، کمپیوٹر اکاؤنٹنگ پیاکجس، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی ڈی ٹی ای اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین وطالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ ایس ایس سی، انٹر، ڈگری میں جو طلبہ ناکام ہوں انہیں فیلیم جاری رکھنے کیلئے ون سٹنگ کی سہولت سے تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے ٹائمس کالج چار مینار، اندرون بس اسٹاند پرصبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک یا فون نمبر 9063778616 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

ناملی، ملے پلی اور آغا پورہ علاقوں میں ناقص صفائی کی روش برقرار

سڑکوں کی حالت بھی قابل رحم۔ بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے زمرہ میں بھی قدیم علاقے بلدہ کی جانب سے نظرانداز

حیدرآباد، 27/جون۔ (سہارا نیوز بیورو) شہری حکام کی جانب سے برسوں کی نظرانداز ی نے ناملی حلقہ کے ملے پلی کے علاقے کو مکمل طور پر تباہ کردیا ہے۔ ناقص نکاسی آب کا نظام، خراب اور تنگ سڑکیں، مضر صفائی اور کچرے کے ڈھیر شہریوں کی زندگی اجیرن کررہے ہیں۔ ملے پلی، اولڈ ملے پلی اور آغا پورہ نا ملی کے اہم ڈویژن ہیں۔ ان علاقوں میں کچرے کو ٹھکانے لگانا کلینوں کیلئے ایک بڑا مسئلہ بن گیا ہے کیونکہ کچرے کی نکاسی والے ڈبوں کی یہاں عدم موجودگی ہے جنہیں جی ایچ ایم سی نے شہر کو گندگی سے پاک کرنے کیلئے کچھ عرصہ قبل بنادیا تھا۔ جی ایچ ایم سی کے کچرے کو باقاعدگی سے اٹھانے میں ناکام ہونے کی وجہ سے کچرا سڑکوں پر جمع ہوجاتا ہے جس سے ماحول میں تعفن پیدا ہوجاتا ہے۔ مقامی عوام نے شکایت کی کہ نہ صرف کچرا بلکہ تعمیراتی ملبہ بھی سڑکوں کے کنارے پھینکا جاتا ہے جس پر شہری انتظامیہ کی توجہ نہیں ہے۔ ملے پلی کے ایک رہائشی نے کہا کہ علاقے میں صفائی مہم چلانے اور تمام فٹ پاتھوں اور گلیوں کو کچرے سے صاف کرنے کیلئے سڑک پر درخواستیں کرتے کرتے ہم تھک چکے ہیں۔ وہ ہماری درخواستوں پر کبھی کان نہیں دھرتے، اگرچہ اس علاقے میں بڑی تعداد میں ہوٹل اور فوڈ کورٹس بن چکے ہیں اور بہت سے اپارٹمنٹس بن چکے ہیں لیکن سیوریج سسٹم کو بڑھتی ہوئی ضروریات کے مطابق اپ گریڈ نہیں کیا گیا ہے۔ علاقے کے ایک اور رہائشی رشید خان نے بتایا کہ اسکے نتیجے میں سیوریج کا پانی سڑکوں اور گلیوں میں بہتا ہے اور بارش کے دوران یہ اور بھی ناقابل برداشت ہوجاتا ہے جب گلیاں مکمل طور پر پانی سے بھر جاتی ہیں۔ سڑکوں کی ابتر حالت بھی مقامی لوگوں کو کچھ دیر کیلئے پریشان کررہی ہے۔ سڑکیں اس قدر ناقابل رہیں کہ وہ استعمال کے قابل نہیں ہیں۔ ہم نے متعلقہ حکام سے ان کو چوڑا کرنے اور دوبارہ کارپٹ کرنے کی درخواست کی ہے۔ ابھی تک سڑکوں کی حالت کو بہتر کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے۔ اگر یہ اولڈ ملے پلی کا علاقہ ہے کہ اٹلی میں منعقدہ G-7 سربراہی اجلاس میں ہندوستان کے بارے میں دنیا کا نظریہ کس طرح بدل گیا ہے۔ ہندوستان نے اپنی G-20 صدارت کے دوران بھی دنیا کو کئی مسائل پر متحد کیا۔ یہ ہندوستان کی صدارت کے دوران ہی ہوا، جب افریقی یونین کی G-20 کا مستقل رکن بنایا گیا تھا۔ اس سے افریقی عوام کیساتھ ساتھ پورے گلوبل ساؤتھ کے اعتماد کو تقویت ملی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ پڑوسی پہلے کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ہندوستان نے پڑوسی ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط کیا ہے۔ 9/جون کو یونین کونسل آف منسٹرز کی تقریب حلف برداری میں سات ہمسایہ ممالک کے رہنماؤں کی شرکت حکومت کی اس ترجیح کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان، ساؤتھ ساؤتھ۔ سب کا وکاس کے جذبے کے ساتھ، ہندوستانی بحرالکاہل خطے کے ممالک کیساتھ بھی تعاون بڑھا رہا ہے۔ مشرقی ایشیا جو ایمفریفی ایشیا اور یورپ، میری حکومت رابطے پر بہت زور دے رہی ہے۔ یہ ہندوستان کا وژن ہے، جس نے ہندوستان، مشرق وسطیٰ اور یورپ کو اقتصادی راہداری کی شکل دینا شروع کردیا ہے۔ یہ راہداری 21 ویں صدی کے سب سے بڑے گیم چینجرز میں سے ایک ثابت ہوگی۔ صدر جمہوریہ درد پوری مرمو نے کہا کہ آج سہما انتخابات میں وادی کشمیر کے لوگوں کی بے مثال شرکت نے جموں وکشمیر کے بارے میں جاری عالمی پروپیگنڈہ کا مناسب جواب دیا ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ مرمو نے شروع میں 2024 کے لوک سبھا انتخابات کی کامیابی کا ذکر کیا۔ اس تناظر میں انہوں نے وادی کشمیر میں ووٹنگ کے نئے ریکارڈ کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ وادی کشمیر میں ووٹنگ کا کئی دہائیوں کا ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے اور وہاں کے لوگوں نے جموں وکشمیر کے بارے میں دنیا میں پھیلائے جانے والے پروپیگنڈے کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ صدر نے کہا کہ وادی کشمیر میں گزشتہ چار دہائیوں میں ہم نے بندادر ہڑتالوں کے درمیان صرف گرنر آؤٹ دیکھا ہے۔ ہندوستان کے دشمن نے جموں وکشمیر کی دنیا میں 2024 کو لوک سبھا انتخابات کا چرچا ہو رہا ہے۔ ملک کے عوام نے جمہوری طاقت کا مظاہرہ اور واضح اکثریت کے ساتھ حکومت بنائی ہے۔ ملک میں 6/دہائیوں کے بعد ایسا ہوا ہے کہ کوئی حکومت مسلسل تیسری بار اکثریتی جیت کر واپس آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے وقت میں جب ہندوستان کے لوگوں کی خواہشات بلند ترین سطح پر ہیں، لوگوں نے مسلسل تیسری بار میری حکومت پر اعتماد ظاہر کیا ہے۔ ہندوستان کے لوگوں کو پورا یقین ہے کہ صرف میری حکومت ہی ان کی خواہشات کو پورا کرسکتی ہے۔ انہوں نے ملازمتوں اور تعلیمی اداروں میں داخلے کیلئے منعقد ہونے والے مسابقتی امتحانات میں سوالنامے لیک ہونے کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے زور دیا کہ سرکاری بھرتیوں یا تعلیمی امتحانات میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہونی چاہیے اور پارٹی سیاست سے اوپر اٹھ کر سوالنامے لیک ہونے کے واقعات پر ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر دروپدی مرمو نے کہا کہ یہ حکومت ترقی یافتہ ممالک سے مقابلہ کرنے کیلئے عالمی معیار کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر زور دے رہی ہے اور ملک میں سڑکوں کا جال بچھانے کے لیے تیزی شاہراہوں کی تعمیری رفتار کو دوگنا کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ملک کی مزید ترقی کا احترام، بہبود اور بااختیار بنانا حکومت کی ترجیح ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ مضبوط بنانے کیلئے مسلح افواج کو جدید بنانا اور دفاعی شعبے میں اصلاحات کرنا ضروری ہے اور اس لیے پچھلے 10 سالوں سے جاری دفاعی اصلاحات مستقبل میں بھی جاری رہیں گی۔ صدر دروپدی مرمو نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کو کمزور کرنے کی سازش کے تحت جدید سوا صلاتی ٹیکنالوجی کا غلط استعمال کرکے افواہیں پھیلائی اور عوام کو گمراہ کرنے کے پیچیدہ نمٹنے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

مابنا فاتحہ ومحفل سماع

حیدرآباد، 27/جون (راست) مابنا فاتحہ حضرت سید شاہ سعدہ بے شطاریؒ واقع روبرو مسجد سیمین جنگ دیبر پورہ میں 21/ذی الحجہ بروز جمعہ بعد نماز عشاء مقرر ہے۔ جس میں مجلس حلقہ ذکر اور خصرت سید شاہ حامد حسین شطاری کا بیان ہے۔ بعد بیان محفل سماع ہوگی۔ جس کی نگرانی حضرت سید شاہ حامد حسین شطاری کریںگے۔ مزید معلومات فون نمبر 9989190780 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

آج محفل نعت پاکؐ

حیدرآباد، 27/جون (راست) خواجہ صوفی ہارون ایجوکیشن سوسائٹی کے زیر اہتمام محفل نعت پاک ومنقبت بعد نماز عصر ہوگی۔ تاریخ 21/ذی الحجہ مطابق 28/جون بروز جمعہ بمقام صوفی محفل جل پلی میں مقرر ہے۔ محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک حافظ شیخ فیروز قادری سے شروع ہوکر محمد وباری تعالیٰ پر بعت پاک ومنقبت طلباء مدرسہ نورا چشتیہ بارونی پر پیش گے۔ مولانا حضرت صوفی ہارونی چشتی ابوالعلائی خلیفہ عزیز حضرت صوفی شاہ محمد ریاضت علی چشتی ابوالعلائی گلزاری کریں گے باذوق طلبہ وطالبات سے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے۔

430 واں عرس شریف

حیدرآباد، 27/جون (راست) 430 واں دو روزہ عرس شریف حضرت خواجہ سید شاہ نور اللہ حسینی چشتی بندہ نوازؒ واقع مٹی گاشیر گلزار حوض کمان سحر باطل میں 27 اور 28/ذی الحجہ کو مقرر ہے۔ پروگرام کے مطابق 27/ذی الحجہ بروز جمعرات کو صندل شریف چار مینارے برآمد ہوکر درگاہ شریف پہنچے گا۔ 28/ذی الحجہ بروز جمعہ کو بعد عشاء چراغاں ہونگے اور محفل سماع شاہ منزل فنکشن ہال خلوت میں ہوگی جملہ مراسم عرس سید شاہ سیف اللہ حسینی چشتی بندہ نوازی سجادہ نشین ومتولی انجام دیں گے۔ مزید معلومات فون نمبر 9703022641 پر حاصل کرسکتے ہیں۔ عقیدتمندوں نے محبان اولیاء کے کثیر تعداد میں شرکت کی درخواست کی گئی ہے۔

شادی

حیدرآباد، 27/جون (راست) محمد امام الدین قریشی کی دختر کی شادی محمد باہو قریشی کے فرزند محمد مجاہد قریشی کے ساتھ 27/جون بروز جمعرات کو بعد نماز عصر جامع مسجد العرب حمودیہ بھوانی نگر تالاب کٹہ میں انجام پائی۔ استقبالیہ ہدایت فنکشن ہال امان نگر (پٹی) تالاب کٹہ میں رکھا گیا۔ محمد شفیل میاں قریشی، محمد نوخیث الدین قریشی، محمد نواز الدین قریشی، محمد تاج الدین قریشی، محمد شرف الدین قریشی، محمد نعمان قریشی، محمد عذیر قریشی نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

☆☆☆ شیخ حاجی مرحوم کی دختر کی شادی محمد مولانا مرحوم کے فرزند محمد توفیق کے ساتھ 27/جون بروز جمعرات کو بعد عصر وبروی مسجد احمد نگر بنڈلہ گوڑہ چندرائن میں انجام پائی۔

آج جلسہ شہادت حضرت عثمان غنیؓ

حیدرآباد، 27/جون۔ (راست) مسجد دیندار انجمن میں 28/جون کو بعد نماز مغرب جلسہ شہادت سیدنا عثمان غنیؓ زیر صدارت صاحبزادہ ڈاکٹر الحاج مولانا قاری سید صدیق حسین المعروف مرشد باشاہ گنر ان اعلیٰ آستانہ عالیہ مقدسہ ہوگا۔ اسلامک اسکالر مولانا محمد عبداللطیف استاد M.O.L جامعہ عثمانیہ مخاطب کریں گے محفل کا آغاز جزبزہ ومولانا قاری سید شاہ مدثر حسین کی قرأت کلام پاک سے ہوگا۔ مولانا علی میاں بارگاہ قدمت صفورؐ میں نعت شریف اور بارگاہ حضرت عثمان غنیؓ میں منقبت پیش کریں گے۔ نظامت کے فرائض مولانا قاضی سید شاہ مقصود احمد صفدر ایم اے بی ایڈ ممبئے اسلام انجام دیں گ